Window Takaful Operations


**Telephone**

+92-21-38677100

**UAN**

+92-111-11-LIFE (5433)

**Fax**

+92-21-38630011

**Address**

Principal Office: 3rd and 4th Floor, Adamjee House, I.I.Chundrigar Road, Karachi - 74000

**Website**

www.adamjeelife.com


Adamjee Life-Window Takaful Operations

# MANAFA PLUS

## FAMILY TAKAFUL PLAN



# MANAFA PLUS FAMILY TAKAFUL PLAN

Every responsible person tries to' ensure that his / her family is always protected and that their future is safe and secure. Financial Planning is a word synonymous with protection, safety and security. With a host of investment options available, conscious individuals try and opt for products that are in line with their beliefs and code of life.

Keeping in view all of the above mentioned factors, Adamjee Life-Window Takaful Operations (AL-WTO) has designed a product that can be customized to cater your specific needs in a Shari'ah compliant way!

Adamjee Life WTO Manafa Plus Family Takaful plan has all the essential ingredients that are required to keep you away from future financial worries and protect your family from uncertainties of life.

Adamjee Life WTO Manafa Plus is a Shariah Compliant regular contribution unit linked family takaful plan. Under this plan a greater proportion of contribution is allocated to Participant Investment Account (PIA). The benefits of the plan are largely linked to the value of the investments of the professionally managed underlying Funds in which a proportion of the contribution is invested.

**Note: This is a family Takaful product which has two distinct elements i.e., Takaful Protection and Investment. The investment component is linked to the performance of underlying assets under unit linked fund(s).**

## What is Takaful?

The word Takaful is derived from the Arabic word Kafala, which means to look-after; to help; to take care of one's needs. Takaful is a shari'ah compliant alternative to conventional insurance based on the principle of Ta'awun (mutual assistance) and Tabarru (voluntary contribution), where risk is shared collectively by a group of participants, who by paying contributions to a common fund, agree to jointly guarantee themselves against loss or damage to any one of them as defined in the pact. Takaful is operated on the basis of shared responsibility, brotherhood, solidarity and mutual cooperation.

### How Does the Takaful Membership Operate?

Adamejee Life- Window takaful Operations (AL-WTO) takaful model is based on the Wakalah-Waqf principal. Individuals in the community come together for a common purpose and contribute

into a Waqf Fund operated by a Window Takaful Operator to protect themselves against future financial losses.

## Benefits of Adamjee Life WTO Manafa Plus Family Takaful Plan

### Free-Look Period

The certificate offers a free-look period of 14 days during which you can cancel your certificate by contacting Adamjee Life - WTO, and have your contribution refunded. However, AL - WTO reserves the right to deduct the expenses incurred on medical examination(s) of the participants in connection with the issuance of this certificate (if any).

### Protection Benefit

In case the covered person dies during the certificate term, the sum covered or accumulated account value whichever is higher less any partial withdrawals, will be paid to the beneficiary(ies).

### Choice of Family Takaful Coverage

You have the option to choose from the different levels of family takaful coverage ranging from 5 to 30 protection multiple for the same amount of contribution.

### Certificate Maturity Benefit

At the time of maturity of the certificate term the person covered will get the amount equal to his/her account value.

### Investment Booster: (Ad-Hoc) / Top-up

By depositing a minimum payment of Rs. 10,000/- (over and above your regular contribution) you can enhance the growth of your invested capital through Top up. Top Up payment which has no upper limit will be allocated at 103%(3% extra as a Hiba or gift from Operator Sub Fund-OSF) in the unit account and can be made & withdrawn anytime during the certificate term to boost your accumulated cash value.

### Partial Withdrawal

Certificate offers the option of making partial withdrawals from your account value. Withdrawals can be made 4 times in a certificate year and are limited to 50% of the net cash surrender value subject to maintaining a minimum net cash surrender value of Rs. 20,000/-. The minimum Net Cash Surrender Value limit may be revised by the Operator from time to time.

### Inflation protection/Indexation (Optional)

This is a value-added feature to cover the inflation impact. Your contribution will increase every year by 5% or 10% of the

previous years' contribution with this option. The cash value will also increase accordingly.

### *Monthly Annuity Benefit (Optional)*

On survival of the Person Covered till maturity of the Certificate, the Monthly Annuity Benefit (if opted) will be given as per the term selected by the Person Covered. The term can be 5, 10, 15 or 20 years. The units will remain invested over the annuity term. A minimum annuity benefit of Rs.5000 per month is applicable. If the annuity amount falls below this, the annuity will be terminated and the balance paid out as a lump-sum.

### *Free built-in Pilgrimage Coverage**

PKR 2 Million Coverage on Accidental Death during Hajj.
**Coverage will be terminate when person covered reached Age 65.*

## Investment Options – An Opportunity for Growth

Contributions paid for Adamjee Life WTO Manafa Plus Family Takaful Plan shall be invested by default in low or conservative risk funds. However, you may choose to invest in a moderate to high risk funds described below that suits your investment strategy and risk appetite. The returns earned after deduction of risk charges, monthly admin and investment management charges are credited to the unit account balance and accumulate as the certificate holder's cash value.

***Unit Pricing methodology***
AL-WTO uses forward unit pricing methodology.

***Our low or conservative risk fund include:***

***Tameen Fund:*** Low risk fund with aim to offer regular and steady returns from investment in wide variety of shariah compliant finance securities including bank deposits , government securities etc. without any exposure to corporate bonds and equities.

***Our moderate to high risk funds include:***

***Mazaaf Fund:*** High risk fund with aim to earn higher returns in medium to long term by investing in diversified mix of shariah compliant equities, Finance Securities instruments and real estate.

***Saman Fund:*** Medium risk fund with aim to provide growth in investment value by investing in shariah compliant Finance Securities-instruments, equities and real estate.

## Optional Supplementary Benefits:

You can enhance the Protection Benefit by selecting any or all of the following optional Supplementary Benefits subject to payment of additional contribution.

- ***Spouse Term Family Takaful Supplementary Benefit***

In the unfortunate event of the death of the covered person's spouse during the in force term of this Supplementary Benefit, the Supplementary Benefits' sum covered is payable.

- ***Level Term Family Takaful Supplementary Benefit***

The feature guarantees as lump sum amount payable to the chosen beneficiary in case of death of the person covered.

- ***Waiver of Contribution Supplementary Benefit Death***

On death of the person covered, AL - WTO Waqf will pay the initial (un-escalated) basic contribution for the remaining term of the supplementary benefit on behalf of participant.

- ***Critical Illness Supplementary Benefit***

On occurrence of one of the listed diseases to person covered during the in force term of this supplementary benefit, the supplementary benefit's sum covered is payable to the person covered.

- ***Accidental Death & Disability***

On accidental death or permanent and total disability due to accident of the person covered during the in force term of this supplementary benefit, the supplementary benefit's sum covered is payable. In case of permanent total/partial disability, the sum covered is payable according to the Schedule stated in the Provisions.

- ***Waiver of Contribution Supplementary Benefit (WOC-Disability)***

On total permanent disability of the person covered, Adamjee Life WTO Waqf will pay the initial (un-escalated) basic contribution for the remaining term of the supplementary benefit or earlier recovery or death.

- ***Monthly Income Benefit***

On the death or permanent and total disability of the person covered due to accident or sickness during the in-force term of this supplementary benefit, AL - WTO Waqf shall pay a monthly income benefit for the remaining term of this Supplementary Benefit or earlier recovery or death(in case of disability).

## Contribution Allocation & Wakalatul Istismar Structure

| Certificate / Contribution Year | % of Basic Contribution Allocated to Participant Investment Account PIA Account | % Of Contribution as Min Certificate term Wakaltul Istismar Fee |
|---|---|---|
| 1 | 60 | 40 |
| 2 | 90 | 10 |
| 3 and Onwards | 100 | Nil |

**** Before the deduction of basic plan risk contribution***

## Bonus Allocation:

Bonus Allocation applies to Certificates that have remained inforce through timely payment of at least initial Basic Contribution and without utilization of Partial Withdrawal. Bonuses are linked with contribution paying term.

| Certificate / Contribution Year | % of Initial Basic Contribution Allocated to PIA Account |
|---|---|
| 5th | 10% |
| 7th | 20% |
| 10th | 30% |

***Life Event Bonuses****

- 50% Bonus on Son's University Admission
- 50% Bonus on Daughter's wedding
- 50% Bonus on Retirement of Person Covered

**After completion of 10 certificate years and certificate remains inforce through timely payment of contribution regardless of the maturity of the Certificate, the participant is eligible for Bonus on any one of these Life events (whichever comes first) during the entire tenure of the certificate. Subject to satisfactory evidence.*

## Charges:

- ***Certificate Fee***
  Nil
- ***Fund Management Charges***
  An annual Fee of 1.75% of the PIA Value deducted on a monthly basis.
- ***Wakalatul Istimaar Fee***
  Year 1: 40% | Year 2: 10% | Year 3 onward : 0%
- ***Bid/ Offer Spread:***
  5% of all contributions allocated to the PIA
- ***Takaful Contribution (Tabarru):***
  With reference to attained age and based upon the Risk profile & sum at risk, a monthly contribution is transferred into PTF (WAQF) from PIA. 35% of Takaful Contribution of Basic Membership and 45% of Takaful Contribution of Supplementary Benefits, if any, will go to the Operator's Fund as PTF management fee.
- ***Surrender & Partial withdrawal Application Processing Fee***
  A flat surrender processing fee of Rs. 500 applies when making a partial withdrawal or surrender at any time.
- ***Fund Transfer Fee***
  The first two switch overs in a certificate Year are free. A charge of Rs. 300 will be made for any further switches in that year.
- ***Mudharib's Share***
  30% p.a. on investment return of the WAQF (if any)

| **Certificate Term & Eligibility:** | |
|---|---|
| Minimum entry age | 18 years |
| Maximum entry age | 70 Years |
| Minimum Certificate term | 05 Years |
| Minimum Contribution paying term | 05 Years |
| Maximum Certificate term | 25 years or up to age of 80 exact, whichever comes first |

## Basic Contribution Payment mode:
***Minimum Contribution:***

| Mode | Minimum Contribution per installment | |
|---|---|---|
| Annual | Rs. 20,000/- | |
| Semi-annual | Rs. 15,000/- | (Rs. 30,000/- annually) |
| Quarterly | Rs. 10,000/- | (Rs. 40,000/- annually) |
| Monthly | Rs. 5,000/- | (Rs. 60,000/- annually) |

**Payment Mode:** (Annual, Semi-Annual, Quarterly & Monthly)

## Disclaimer

- This product is not guaranteed or covered by MCB Islamic Bank or its affiliates and is not a Bank's product. The Bank is only acting as a distributor in providing this facility and cannot be held responsible for settling claims emanating from this scheme or for the approval or rejection of any claim or any act or omission on the part of the Takaful provider.
- Adamjee Life WTO Manafa Plus family takaful Plan is a Unit Linked takaful Plan which is subject to investment risk. The investment risk shall be borne by the participant and actual maturity and surrender values may be lower or higher than the projected figures.

  All Adamjee Life WTO Manafa Plus applications are processed and approved by Adamjee Life Assurance Co. Ltd. - WTO, as per their underwriting guidelines. "Bank" is not responsible for processing and approval of these applications in any way, whatsoever.
- This brochure only provides an introduction to the benefits available under the plan. A detailed description of how the contracts works is given in "Terms & Conditions" attached with the Participant Membership Document (PMD), which will be provided after the issuance of the certificate.
- The past performance of the investment fund is not necessarily a guide to future performance. Any forecast is not necessarily indicative of future or likely performance of the funds and neither Adamjee Life Assurance Co. Ltd. - WTO nor "Bank" will incur any liability for the same.
- MCB ISLAMIC's Shari'ah Board is not responsible for making sure the Shari'ah Compliance of the product. It is responsibility of AL-WTO's Shari'ah Advisor.

# منافع پلس فیملی تکافل پلان

ہر ذمہ دار شخص اپنے خاندان اور اس کے مستقبل کی حفاظت کو یقینی بنانے کی کوشش کرتا ہے۔ مالی منصوبہ بندی کا لفظ تحفظ، حفاظت اور سلامتی کے مترادف ہے۔ سرمایہ کاری کے کئی طریقوں کی موجودگی میں، سمجھ دار افراد ایسی پروڈکٹس کا انتخاب کرنے کی کوشش کرتے ہیں جو ان کے عقائد اور ضابطۂ حیات سے ہم آہنگ ہوں۔

مذکورہ بالا تمام عوامل کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے، آدم جی لائف وِنڈو تکافل آپریشنز (AL-WTO) نے ایک ایسی پروڈکٹ تیار کی ہے جسے شرعی اصولوں کے مطابق آپ کی خصوصی ضروریات پوری کرنے کے لیے آپ کی مرضی کے مطابق ڈھالا جاسکتا ہے۔

آدم جی لائف WTO منافع پلس فیملی تکافل پلان اُن تمام بنیادی پہلوؤں کا احاطہ کرتا ہے جو آپ کو مستقبل میں مالی پریشانیوں سے دور رکھنے اور آپ کے خاندان کی زندگی کو غیر یقینی صورتِ حال سے بچانے کے لیے ضروری ہیں۔

آدم جی لائف WTO منافع پلس شرعی اصولوں کے مطابق مستقل کنٹری بیوشن یونٹ (regular contribution unit) سے منسلک فیملی تکافل پلان ہے۔ اس پلان کے تحت، کنٹری بیوشن کا ایک بڑا حصہ پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ (PIA) کے لیے مختص کیا جاتا ہے۔ اس پلان کے فوائد بڑے پیمانے پر بنیادی فنڈز کی سرمایہ کاری کی قیمت سے منسلک ہیں جس کا انتظام پیشہ ورانہ انداز میں چلایا جاتا ہے اور اس میں کنٹری بیوشن کے ایک تناسب کی سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔

نوٹ: یہ ایک فیملی تکافل پروڈکٹ ہے جس میں دو مختلف عناصر ہیں، یعنی تکافل تحفظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری کا جزو یونٹ لنکڈ فنڈ (ز) کے تحت بنیادی اثاثوں کی کارکردگی سے منسلک ہے۔

## تکافل کیا ہے؟

'تکافل' عربی لفظ 'کفالہ' سے ماخوذ ہے، جس کے معنی ہیں، دیکھ بھال کرنا؛ مدد کرنا؛ کسی کی ضروریات کا خیال رکھنا۔ تکافل روایتی بیمے کا شرعی متبادل ہے جس کی بنیاد 'تعاون' (باہمی امداد) اور 'تبرع' (رضا کارانہ عطیات) کے اصول پر رکھی گئی ہے، جہاں شریک افراد کا ایک گروہ مجموعی طور پر خطرے کا عنصر تقسیم کرتا ہے اور مشترکہ فنڈز میں عطیات دے کر، معاہدے میں بیان کردہ کسی بھی خسارے یا نقصان کے خلاف مشترکہ طور پر اپنی ضمانت دینے پر رضامند ہوتے ہیں۔ تکافل مشترکہ ذمہ داری، بھائی چارے، یکجہتی اور باہمی تعاون کی بنیاد پر چلایا جاتا ہے۔

## تکافل کی رکنیت کا طریقہ کار کیا ہے؟

آدم جی لائف - وِنڈو تکافل آپریشنز (AL-WTO) تکافل ماڈل کی بنیاد وکالہ وقف کے اصول پر ہے۔ معاشرے میں موجود افراد مشترکہ مقصد کے لیے اکٹھے ہو کر مستقبل کے مالی نقصانات سے اپنے تحفظ کے لیے وِنڈو تکافل آپریٹر کے زیرِ انتظام وقف فنڈ میں عطیات دیتے ہیں۔

## آدم جی لائف WTO منافع پلس فیملی تکافل پلان کے فوائد

### فری لُک پیریڈ

یہ سرٹیفکیٹ 14 دن کے فری لُک پیریڈ کی سہولت دیتا ہے جس کے دوران آپ آدم جی لائف - WTO سے رابطہ کر کے اپنا سرٹیفکیٹ منسوخ کر سکتے ہیں اور آپ کی رقم واپس کر دی جائے گی۔ البتہ، AL-WTO اس سرٹیفکیٹ کے اجراء کے حوالے سے شرکاء کی طبّی جانچ پر آنے والے اخراجات (اگر کوئی ہوں) کی کٹوتی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

### تحفظ کے فوائد

اگر سرٹیفکیٹ کی مدت کے دوران متعلقہ شخص کا انتقال ہو جائے تو تکافل کی مجموعی رقم یا مجموعی اکاؤنٹ کی رقم میں سے جو رقم زیادہ ہوگی، وہ جزوی وِدڈرال کی رقم منہا کر کے استفادہ کنندہ (گان) کو ادا کی جائے گی۔

### فیملی تکافل کوریج کا انتخاب

آپ کے پاس فیملی تکافل کوریج کی مختلف سطحوں میں سے انتخاب کرنے کا اختیار ہے جو 5 سے 30 گنا تک تحفظ اتنی ہی رقم کی کنٹری بیوشن کے عوض فراہم کرتی ہیں۔

### سرٹیفکیٹ کی میچورٹی کے فوائد

سرٹیفکیٹ کی مدت مکمل (میچور) ہونے پر، متعلقہ شخص کو اس کے اکاؤنٹ کی قیمت کے برابر رقم ملے گی۔

### سرمایہ کاری میں اضافہ: (ایڈہاک)/ٹاپ اپ

(اپنی معمول کی کنٹری بیوشن کے علاوہ) کم از کم -/10,000 روپے جمع کروا کر آپ ٹاپ اپ کے ذریعے اپنے سرمائے کی ترقی میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ ٹاپ اپ ادائیگی، جس کی زیادہ سے زیادہ کوئی حد نہیں، یونٹ اکاؤنٹ میں 103% پر (آپریٹر سب فنڈ – OSF کی جانب سے ہبہ یا تحفے کی صورت میں 3% اضافی) مختص کی جائے گی اور آپ کی جمع شدہ نقد قیمت کو بڑھانے کے لیے سرٹیفکیٹ کی مدت کے دوران کسی بھی وقت جمع یا نکالی جا سکتی ہے۔

### جزوی وِدڈرال

یہ سرٹیفکیٹ آپ کے اکاؤنٹ کی قیمت میں سے جزوی رقم نکالنے کی سہولت بھی دیتا ہے۔ ایک سرٹیفکیٹ سال میں 4 بار رقم نکالی جا سکتی ہے جس پر خالص نقد کی 50% مالیت کی حد لاگو ہوتی ہے جبکہ دستبرداری کی کم از کم خالص نقد رقم -/20,000 روپے ہونی چاہیے۔ آپریٹر کی جانب سے وقتاً فوقتاً خالص نقد سے دستبرداری کی قیمت کی کم از کم حد پر نظرِ ثانی کی جا سکتی ہے۔

### افراطِ زر سے تحفظ/اشاریہ سازی (اختیاری)

یہ افراطِ زر کے اثرات کا احاطہ کرنے کے لیے ایک اضافی سہولت ہے۔ اس سہولت کے ساتھ آپ کی کنٹری بیوشن میں ہر سال گزشتہ سال کی کنٹری بیوشن کے مقابلے میں 5% یا 10% اضافہ ہوگا۔ نقد قیمت بھی اس کے مطابق بڑھے گی۔

### ماہانہ سالانہ فائدہ (اختیاری)

سرٹیفکیٹ کی میچورٹی تک مذکورہ شخص کی زندگی کی صورت میں، ماہانہ سالیانہ فائدہ (اگر منتخب کیا گیا ہوتو) ادا کیا جائے گا جو مذکورہ فرد کی جانب سے منتخب کردہ مدت کی بنیاد پر ہوگا۔ یہ مدت 5، 10، 15 یا 20 سال ہوسکتی ہے۔ سالیانہ مدت کے عرصے میں یونٹس سرمائے میں موجود رہیں گے۔ ماہانہ -/5,000 روپے کا کم از کم سیالانہ فائدہ لاگو ہوگا۔ اگر سالیانہ اس سے کم ہوگیا تو سالیانہ ختم کردیا جائے گا اور بقایا رقم یکمشت ادا کردی جائے گی۔

### *مفت بلٹ اِن حج کوریج

حج کے دوران حادثاتی موت پر 20 لاکھ روپے کی کوریج۔

*مذکورہ شخص کی عمر 65 سال ہونے پر کوریج ختم ہوجائے گی۔

### سرمایہ کاری کے اختیارات – ترقی کے لیے موقع

آدم جی لائف WTO محافظ پلس فیملی تکافل پلان کے لیے ادا کردہ رقم سے بنیادی طور پر کم یا قدامت پسند رِسک فنڈز میں سرمایہ کاری کی جائے گی۔ تاہم آپ نیچے بیان کردہ درمیانی سے زیادہ رِسک والے فنڈز میں سرمایہ کاری کا انتخاب بھی کرسکتے ہیں جو آپ کی سرمایہ کاری کی حکمتِ عملی اور خطرہ برداشت کرنے کی اہلیت سے ہم آہنگ ہو۔ رِسک چارجز، ماہانہ انتظامی وسرمایہ کاری مینجمنٹ چارجز کی کٹوتی کے بعد حاصل شدہ منافع یونٹ اکاؤنٹ بیلنس میں جمع کردیا جاتا ہے اور سرٹیفکیٹ ہولڈر کی نقد قیمت میں جمع ہوجاتا ہے۔

### یونٹ کی قیمت کے تعین کا طریقہ کار

ALWTO فارورڈ پرائسنگ کا طریقہ کار اپناتا ہے۔

### ہمارے کم یا قدامت پسند رِسک والے فنڈ میں شامل ہے:

**تامین فنڈ:** کم خطرے والا فنڈ جس کا مقصد شرعی اصولوں سے ہم آہنگ فنانس سیکورٹیز سیکیورٹیز بشمول بینک ڈپازٹس، گورنمنٹ سیکیورٹیز وغیرہ کی بڑی تعداد میں سرمایہ کاری کرکے کارپوریٹ بونڈز اور ایکویٹیز کے کسی خطرے کے بغیر مستقل اور مسلسل منافع کی پیشکش ہے۔

### ہمارے درمیانے سے زیادہ رِسک والے فنڈز میں شامل ہے:

**مضاف فنڈ:** زیادہ رِسک والا فنڈ جس کا مقصد شرعی اصولوں سے ہم آہنگ ایکویٹیز، فنانس سیکورٹیز انسٹرومنٹس اور رئیل اسٹیٹ کے متنوع مجموعے میں سرمایہ کاری کرکے درمیانی سے طویل مدت کے لیے زیادہ منافع کے حصول ہے۔

**ثمن فنڈ:** درمیانے درجے کے خطرے والا فنڈ جس کا مقصد شرعی اصولوں سے ہم آہنگ فنانس سیکورٹیز انسٹرومنٹس، ایکویٹیز اور رئیل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری کرکے سرمائے کی قیمت میں اضافہ کرنا ہے۔

### اختیاری ضمنی فوائد

آپ اضافی عطیے کی ادائیگی کرکے درج ذیل میں سے کسی بھی یا تمام اختیاری ضمنی فوائد کا انتخاب کرکے حفاظتی فوائد میں اضافہ کرسکتے ہیں۔

## اسپاؤس (Spouse) ٹرم فیملی تکافل کا ضمنی فائدہ

اس ضمنی فائدے کی نافذ العمل مدت کے دوران، مذکورہ شخص کے شریکِ حیات کی موت کی صورت میں، ضمنی فائدے کی مجموعی رقم قابلِ ادا ہو گی۔

## لیول ٹرم فیملی تکافل کا ضمنی فائدہ

یہ سہولت اس بات کی ضمانت دیتی ہے کہ مذکورہ شخص کی موت کی صورت میں منتخب کردہ استفادہ کنندہ فرد کو یکمشت رقم ادا کی جائے گی۔

## موت کی صورت میں اضافی رقم کی ادائیگی سے استثنا

وقف شریک فرد کی جانب سے اضافی فائدے کی بقیہ مدت AL-WTO ،مذکورہ شخص کی موت کی صورت میں کے عرصے کے لیے ابتدائی (غیر توسیع شدہ) بنیادی رقم ادا کرے گا۔

## سنگین بیماری سے متعلق فیملی تکافل کا فائدہ

اس ضمنی فائدے کی مدت کے دوران، مذکورہ شخص کو مقررہ بیماریوں میں سے کسی بیماری کے لاحق ہونے کی صورت میں مذکورہ شخص کو اضافی فائدے کی مجموعی رقم ادا کی جاتی ہے۔

## حادثاتی موت اور معذوری کا ضمنی فائدہ

اس ضمنی فائدے کی مدت کے دوران، مذکورہ شخص کی حادثاتی موت یا مستقل اور مکمل معذوری کی وجہ سے، اضافی فوائد کی رقم واجب الادا ہوتی ہے۔ مستقل اور مکمل/جزوی معذوری کی صورت میں، دفعات میں بیان کردہ شیڈول کے مطابق مجموعی رقم قابلِ ادا ہوتی ہے۔

## فیملی تکافل کی کنٹری بیوشن سے استثنا کا ضمنی فائدہ (WOC — معذوری)

مذکورہ شخص کی مکمل مستقل معذوری کی صورت میں، آدم جی لائف WTO وقف ضمنی فوائد کی بقیہ مدت یا اس سے قبل صحت یابی یا موت کی صورت میں ابتدائی (غیر توسیع شدہ) بنیادی حصہ ادا کرے گا۔

## فیملی تکافل کی کنٹری بیوشن سے استثنا کا ضمنی فائدہ (WOC — موت)

مذکورہ شخص کی موت کی صورت میں، آدم جی لائف WTO وقف ضمنی فوائد کی بقیہ مدت کے لیے ابتدائی (غیر توسیع شدہ) بنیادی کنٹری بیوشن ادا کرے گا، استفادہ کنندہ کو میچورٹی کا فائدہ سرٹیفکیٹ کی مدت کے اختتام پر ادا کیا جائے گا۔

## ماہانہ آمدنی فیملی تکافل کا ضمنی فائدہ

اس ضمنی فائدے کی مدت کے دوران حادثے یا بیماری کی وجہ سے مذکورہ شخص کی موت یا مستقل اور مکمل معذوری پر، AL-WTO وقف اس ضمنی فائدے کی بقیہ مدت کے لیے یا اس سے پہلے صحت یابی یا موت پر (معذوری کی صورت میں) ماہانہ آمدنی کی رقم ادا کرے گا۔

## کنٹری بیوشن کا تناسب اور وکالۃ الاستثمار کا اسٹرکچر

| سرٹیفکیٹ/کنٹری بیوشن کے سال | پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ PIA اکاؤنٹ کے لیے مخصوص بنیادی رقم کا% | کم از کم سرٹیفکیٹ مدت کے لیے وکالۃ الاستثمار فیس کے طور پر کنٹری بیوشن کا % |
|---|---|---|
| 1 | 60 | 40 |
| 2 | 90 | 10 |
| 3 اور زائد | 100 | کوئی نہیں |

*بیسک پلان رِسک کی رقم کی کٹوتی سے پہلے

### بونس کا تعین:

بونس کا تعین ان سرٹیفکیٹ کے لیے لاگو ہوتا ہے جو کم از کم ابتدائی بنیادی کنٹری بیوشن کی بروقت ادائیگی اور جزوی وِدڈرال کے استعمال کے بغیر نافذ العمل رہے ہوں۔ بونس کنٹری بیوشن کی ادائیگی کی مدت کے ساتھ لنک ہیں۔

| سرٹیفکیٹ/کنٹری بیوشن سال | PIA اکاؤنٹ کے لیے مخصوص بنیادی رقم کا % |
|---|---|
| 5 واں | 10% |
| 7 واں | 20% |
| 10 واں | 30% |

زندگی کے اہم مواقع پر بونس

- یونیورسٹی میں بیٹے کے داخلے پر 50% بونس
- بیٹی کی شادی پر 50% بونس
- مذکورہ فرد کی ریٹائرمنٹ پر 50% بونس

*10 سرٹیفکیٹ سال مکمل ہونے کے بعد اور سرٹیفکیٹ کی میچورٹی سے قطع نظر کنٹری بیوشن کی بروقت ادائیگی کے ذریعے سرٹیفکیٹ کے نافذ العمل رہنے کی صورت میں، شراکت دار سرٹیفکیٹ کی مکمل مدت کے دوران ان میں سے کسی بھی موقع پر (جو بھی پہلے آجائے) بونس کے لیے اہل ہوں گے۔ تسلی بخش ثبوت سے مشروط۔

### چارجز

**سرٹیفکیٹ فیس:** کوئی نہیں

**فنڈ مینجمنٹ چارجز:** PIA ویلیو کی 1.75% سالانہ فیس، ماہانہ بنیادوں پر کٹوتی

**وکالۃ الاستثمار فیس:**

سال 1: 40% | سال 2: 10 % | سال 3 کے بعد: 0%

**بڈ/آفر اسپریڈ:**

PIA کے لیے مختص تمام رقم کا 5%

## تکافل میں کنٹری بیوشن:

تکمیل شدہ مدت اور رِسک پروفائل اور رِسک کی مجموعی رقم کی بنیاد پر، PIA سے PTF (وقف) میں ماہانہ ایک رقم منتقل کی جاتی ہے۔ بنیادی رکنیت کی تکافل کنٹری بیوشن کا 35% اور ضمنی فوائد کی تکافل کنٹری بیوشن کا 45%، اگر کوئی ہو تو، PTF مینجمنٹ فیس کے طور پر آپریٹر کے فنڈ میں جاتا ہے۔

## دستبرداری اور جزوی وِدڈرال کے لیے درخواست کی پروسیسنگ فیس:

کسی بھی وقت جزوی وِدڈرال یا دستبرداری کی صورت میں دستبرداری کی پروسیسنگ فیس 500 روپے لاگو ہوگی۔

## رقم منتقلی کی فیس:

ایک سرٹیفکیٹ سال کے دوران پہلے دو سوئچ اوور مفت ہیں۔ اس سال میں مزید کسی سوئچ کی صورت میں 300 روپے چارجز وصول کیے جائیں گے۔

## مضارب کا تناسب:

وقف کی سرمایہ کاری کے منافع پر 30% سالانہ (اگر کوئی ہو) اور بقیہ 70% رب المال کے طور پر وقف فنڈ میں جاتا ہے۔

| سرٹیفکیٹ کی مدت اور اہلیت | |
|---|---|
| انٹری کی کم از کم عمر | 18 سال |
| انٹری کی زیادہ سے زیادہ عمر | 70 سال |
| سرٹیفکیٹ کی کم از کم مدت | 5 سال |
| کنٹری بیوشن کی ادائیگی کی کم از کم مدت | 5 سال |
| سرٹیفکیٹ کی زیادہ سے زیادہ مدت | 25 سال یا پورے 80 سال کی عمر کو پہنچنے تک، جو بھی پہلے ہو |

## بنیادی کنٹری بیوشن کی ادائیگی کا طریقہ کار:

کم از کم کنٹری بیوشن

| طریقہ | کم از کم کنٹری بیوشن فی انسٹالمنٹ | |
|---|---|---|
| سالانہ | 20,000/- روپے | |
| ششماہی | 15,000/- روپے | (30,000/- روپے سالانہ) |
| سہ ماہی | 10,000/- روپے | (40,000/- روپے سالانہ) |
| ماہانہ | 5,000/- روپے | (60,000/- روپے سالانہ) |

**ادائیگی کا طریقہ کار:** سالانہ، ششماہی، سہ ماہی اور ماہانہ

## وضاحت

- MCB اسلامک بینک یا اس کے متعلقین اس پروڈکٹ کے ضامن یا فراہم کنندہ نہیں اور یہ بینک کی پروڈکٹ نہیں ہے۔ بینک صرف اس سہولت کی فراہمی کے لیے تقسیم کنندہ کے طور پر کردار ادا کر رہا ہے اور اسے اس اسکیم سے خارج ہونے کی صورت میں دعویٰ جات کے تصفیے یا کسی دعوے کے منظور یا مسترد ہونے یا تکافل فراہم

کنندہ کی جانب سے کسی عمل یا اخراج کا ذمہ دار نہیں ٹھیرا یا جاسکتا۔

- آدم جی لائف WTO محافظ پلس فیملی تکافل پلان ایک یونٹ لنکڈ تکافل پلان ہے جو سرمایہ کاری کے خطرات سے مشروط ہے۔ سرمایہ کاری کا خطرہ شراکت دار برداشت کرے گا اور حقیقی میچورٹی یا دستبرداری کی رقم تجویز شدہ اعداد و شمار سے کم یا زیادہ ہوسکتی ہے۔
- آدم جی لائف WTO محافظ پلس کی تمام درخواستیں آدم جی لائف اشورنس کمپنی لمیٹڈ - WTO کی جانب سے ان کے طے شدہ رہنما اصولوں کے مطابق پروسیس اور منظور کی جاتی ہیں۔ ''بینک'' کسی بھی صورت میں ان درخواستوں کی پروسیسنگ اور منظوری کا ذمہ دار نہیں ہے۔
- یہ بروشر مذکورہ پلان کے تحت دستیاب فوائد کا محض تعارف پیش کرتا ہے۔ معاہدوں کے طریقہ کار کی تفصیلی وضاحت پارٹیسپنٹ ممبر شپ ڈاکیومنٹ (PMD) کے ساتھ منسلک ''شرائط وضوابط'' میں دی گئی ہے، جو سرٹیفکیٹ کے اجراء کے بعد فراہم کی جائیں گی۔
- سرمایہ کاری فنڈ کی ماضی کی کارکردگی لازمی طور پر مستقبل کی کارکردگی کی علامت نہیں۔ کوئی پیش گوئی مستقبل کا اشاریہ یا فنڈز کی ممکنہ کارکردگی ظاہر نہیں کرتی اور نہ ہی آدم جی لائف اشورنس کمپنی لمیٹڈ - WTO اور نہ ''بینک'' اس حوالے سے کسی ادائیگی کا ذمہ دار ہوگا۔
- MCB اسلامک کا شریعہ بورڈ اس پروڈکٹ کا شرعی اصولوں سے ہم آہنگ ہونا یقینی بنانے کا ذمہ دار نہیں ہے۔ یہ AL-WTO کے شریعہ ایڈوائزر کی ذمہ داری ہے۔